Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

PRESS RELEASE

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی اور عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے مابین مفاہمتی یاداشتوں پر دستخط

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی نے دبئی میں تین عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ فارن انویسٹمینٹ، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر تین ایم-او-یو کیے ہیں۔

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے چیئرمین، جناب عامر ھاشمی نے ماسٹر کارڈ، گیلکسی ریسر، اور شوروق پارٹنرز کے ساتھ مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیے۔اس موقع پر صدر پاکستان جناب ڈاکٹر عارف علوی صاحب بھی موجود تھے۔ یہ ایم-او-یو صدر مملکت کے دبئی میں منعقد ہونے والی ایکسپو 2020 کے دورے کے دوران قرار پائے۔

پہلا ایم-او-یو ماسٹر کارڈ کے ساتھ کیا گیا ہے، جو کہ ایک بہت بڑی عالمی ٹیکنالوجی کمپنی ہے۔ جس کے تحت ایک ڈیجیٹل کنٹری پاٹنرشپ قائم کی جائے گی، جس کی بدولت پاکستان کے ڈیجیٹل فریم ورک کو منظم کیا جائے گا، سمارٹ سٹی سلوشنز، مصنوعی ذہانت کے استعمال، سائبر سیکیورٹی اور زرعی ٹیکنالوجی کے میدان میں تعاون کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کا سب سے پہلا کیش فری زون بھی قائم کیا جائے گا۔

ڈیجیٹل کھیلوں کی صنعت پوری دنیا میں تیزی سے ترقی کر رہی ہے جس کے مد نظر دوسرا ایم-او-یو گیلکسی ریسر کے ساتھ طے پایا ہے، جس کے تحت پاکستان کے اسپیشل ٹیکنالوجی زونز میں ڈیجیٹل کھیلوں کی صنعت کو فروغ دیا جائے گا۔

تیسرا ایم-او-یو متحدہ عرب امارات سے تعلق رکھنے والی ٹیکنالوجی کمپنی شوروق پارٹنرز کے ساتھ طے پایا۔ جس کے تحت پاکستان میں ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کا قیام، پاکستانی کمپنیوں کے بانیوں اور سرمایہ کاروں کی تکنیکی مدد اور ہنر سازی کی جائے گی، جس کی بدولت پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں کو زبردست فوائد حاصل ہوں گے۔ اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے چیئرمین، جناب عامر ھاشمی نے حکومت پاکستان کی جانب سے عالمی ٹیکنالوجی کی صنعت سے تعلق رکھنے والے سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

اسپیشل ٹیکنالوجی زونزاتھارٹی نے عالمی ٹیکنالوجی صنعت سے تعلق رکھنے والے سرمایہ کاروں کے لیےایک خصوصی بریفینگ کااہتمام کیا جس میں انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے ٹیکنالوجی کی صنعت کے لیے پیش کی گئی مراعات کے متعلق آگاہ کیا گیا۔

اسپیشل ٹیکنالوجی زونزاتھارٹی کے وفد کی قیادت چیئرمین، جناب عامر ھاشمی نے کی۔ وفد میں سپیشل ٹیکنالوجی زونزاتھارٹی کے سی آئی او جناب عبدالرحیم، ڈائیریکٹر برائے منصوبہ جات، حمزہ سعید اورکرزئی، اور ڈائیریکٹر مارکیٹنگ، محترمہ حناء ناصر نے بھی شرکت کی۔ وفد نے اپنے دورے کے دوران متعدد نامور عالمی سرمایہ کاروں کے ساتھ اہم ملاقاتیں کیں۔

اسپیشل ٹیکنالوجی زونزاتھارٹی کو حکومت پاکستان نے ملک کے طول وعرض میں ٹیکنالوجی کی صنعت کے فروغ کے لیے بنایا ہے۔ جس کے تحت ٹیکنالوجی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کے لیے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کو مربوط بنانے کی خاطر، ملک بھر میں سپیشل ٹیکنالوجی زونز قائم کیے جارہے ہیں۔ جس کی مدد سے پاکستان ٹیکنالوجی کے میدان میں دنیا کے جدید ترین ممالک کی صف میں شامل ہو جائے گا۔